اس کتاب میں سورۂ یوسف کے فوائد و نکات اس نقطہ نظر سے واضح کئے گئے ہیں کہ ان سے عبرت و نصیحت حاصل ہو۔ رموز و فوائد کو واضح کرنے کے لئے اس سورہ کو منتخب کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس سے جہاد بالنفس کی تعلیم ملتی ہے۔ اور یہ ایک ایسا اہم فریضہ ہے جو بلا کسی تفریق ہر مسلمان پر عائد ہوتا ہے۔ یہ کتاب چار حصوں میں منقسم ہے پہلا حصہ افتتاحیہ ہے، دوسرے میں حضرت یوسف علیہ السلام کے عہد ابتلا سے متعلق قرآنی نکات واضح کئے گئے ہیں، تیسرے میں ان کی زندگی کے دوسرے حصہ یعنی زمانۂ اعزاز و اکرام کے حالات بیان کئے گئے ہیں اور آخری حصہ میں سورہ کے خاتمہ کی آیات زیر بحث آئی ہیں۔ کتاب کے مباحث سے قرآن کریم سے مصنف کا گہرا تعلق صاف واضح ہوتا ہے۔ مزید برآں مصنف کتاب سلوک و تصوف کی دنیا سے بھی کافی دلچسپی رکھتے ہیں اور سید سلیمان ندوی کے مریدین میں تھے۔ کتاب میں جا بجا ان کی زندگی کا یہ پہلو بھی نمایاں نظر آتا ہے۔

- الاعلام باصول الاعلام الواردة فی قصص الانبیاء علیہم السلام

تالیف: ڈاکٹر ف۔ عبدالرحیم

ناشر: دارالقلم حلبونی، پوسٹ بکس ۴۵۲۳، دمشق۔ صفحات: ۲۰۸۔

یہ کتاب ایسے تاریخی اسماء و اعلام کی لغوی تحقیق پر مشتمل ہے جو حضرات انبیاء کرام کے قصوں کے حوالے سے مختلف ماخذ میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں وہ اسماء بھی شامل ہیں جو قرآن مجید میں جا بجا آئے ہیں اور جوالیقی نے اپنی کتاب المعرب میں ان کی تحقیق کی ہے اور ایسے اسماء بھی جو تفسیر، سیرۃ اور تاریخ کی کتابوں میں حضرات انبیاء کرام، ان کی اولاد و خاندان، معاصر حکمراں اور معاندین و مخالفین کے تذکروں میں ثبت ہیں۔

کتاب کا طرز تالیف یہ ہے کہ پہلے حروف تہجی کے لحاظ سے معروف نام نقل کیا گیا ہے پھر ان کے ترجمہ اور مراجع کا ذکر کیا گیا ہے، پھر تفصیلات کے ضمن میں متعلقہ نام کی اصل حقیقت، ان کا صحیح تلفظ اور مختلف زبانوں میں تلفظ کے اختلاف کی نوعیت کو واضح کیا گیا ہے۔ کتاب کے شروع میں ناموں میں اختلاف کے اسباب پر روشنی ڈالی گئی ہے۔